روزنامہ
1913ء سے جاری شدہ
FR-10
الفضل
The ALFAZL Daily
ٹیلی فون نمبر 047-6213029
web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org
ایڈیٹر : عبدالسمیع خان
جمعہ 7 مارچ 2014ء 5 جمادی الاول 1435 ہجری 7 / امان 1393 ھش جلد 64-99 نمبر 54

## قرآن نہ بھلاؤ

حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:۔

جو آدمی قرآن کریم پڑھ کر بھلا دیتا ہے تو وہ قیامت کے دن اللہ عزوجل کے حضور اس حالت میں حاضر ہوگا کہ اس کی صورت بگڑی ہوئی ہوگی۔

(سنن ابی داؤد کتاب الوتر، باب التشدید، فیمن حفظ القرآن حدیث نمبر1260)

# اخلاق عالیہ رفقاء حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت مولوی حسن علی صاحب بھاگلپوری مولوی محمد حسین بٹالوی کو مخاطب ہو کر بیعت حضرت مسیح موعود کے فوائد بیان کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

''قرآن کریم کی جو عظمت اب میرے دل میں ہے خود پیغمبر خدا ﷺ کی عظمت جو میرے دل میں اب ہے پہلے نہ تھی۔ یہ سب حضرت مرزا صاحب کی بدولت ہے گو میرا جسم بھاگلپور یا بنگالہ میں ہوتا ہے لیکن میری روح قادیان ہی میں ہے۔'' (رفقائے احمد جلد 14 ص 56)

حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب حضرت قطب الدین صاحب کے بارے میں فرماتے ہیں:

''احمدیت نے ایسی تبدیلی پیدا کی کہ وہ ہر وقت قرآن مجید پڑھتے رہتے تھے اور اس طرح قرآن مجید کے حافظ ہو گئے۔'' (الحکم 7 مئی 1934ء)

اسی طرح مکرم محمد شفیع صاحب فرماتے ہیں:

''ایک بات جو آپ (حضرت قطب الدین صاحب) میں خاص تھی وہ یہ کہ آپ جب صبح ہل جوتنے کے لئے جایا کرتے تو اپنے ساتھ لوٹا اور قرآن بھی لے جاتے تھے۔ آپ کے دوسرے ساتھی آرام کے لئے حقہ وغیرہ لے لیتے لیکن آپ وہیں وضو کرنے کے بعد قرآن شریف کی تلاوت کرتے رہتے۔'' (الحکم 7 مئی 1934ء)

حضرت مولانا شیر علی صاحب حضرت صوفی غلام محمد صاحب بی۔اے کے متعلق فرماتے ہیں:

''......حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے تفسیر قرآن کریم انگریزی کی Introduction میں تحریر فرمایا ہے کہ قرآن شریف کی طرز عبارت ایسی ہے کہ اس کو آسانی سے یاد کیا جا سکتا ہے اور اپنی جماعت کے تین افراد کی مثالیں تحریر فرمائی ہیں جنہوں نے بڑی عمر میں بہت تھوڑے سے عرصہ میں قرآن شریف کو یاد کیا۔ ان سے ایک مثال چوہدری ظفراللہ خاں صاحب کے والد صاحب مرحوم کی ہے دوسری صوفی غلام محمد صاحب کی اور تیسری ڈاکٹر بدرالدین صاحب کی ہے۔ گزشتہ مشاورت کے موقع پر میں نے صوفی صاحب کو مبارکباد دی تھی کہ آپ کا ذکر حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے ترجمۃ القرآن انگریزی کی Introduction میں فرمایا ہے۔ صوفی صاحب مرحوم یہ سن کر بہت خوش ہوئے اور بعد میں فرمایا کہ مجھے خود حضرت مسیح موعود نے قرآن شریف یاد کرنے کی تحریک فرمائی تھی۔'' (الفضل 3 دسمبر 1947ء)

## قرآن کی برکت

حضرت خلیفۃ المسیح الثانی فرماتے ہیں۔

''اگر ہم میں سے ہر ایک کو قرآن کریم آ جائے اور اس دولت سے ہماری جماعت کا ہر فرد متمتع ہو جائے تو ہم بہت حد تک اپنی ذمہ داری سے عہدہ برآ ہو جائیں گے۔ پھر یہ بھی سمجھ لو کہ اگر سارے لوگ ہی قرآن کریم جاننے والے ہوں تو الا ماشاء اللہ بہت سے جرائم، ظلم، فسادات اور جھگڑے آپ ہی آپ کم ہو جائیں گے۔ کیونکہ جہاں نور ہے، وہاں ظلمت نہیں رہ سکتی۔ ایک چھوٹا سا دیا تم جلاتے ہو جس کی روشنی نہایت دھندلی سی ہوتی ہے لیکن پھر بھی اس دیئے کے جلتے ہی اس کمرے کی ظلمت فوراً دور ہو جاتی ہے۔ پھر کس طرح ہو سکتا ہے کہ قرآن جو خدا کا دیا ہے وہ کسی گھر میں روشن ہو اور وہاں ظلمت باقی رہ جائے۔ اگر قرآن ہمارے دلوں میں آ جائے تو تمام ظلمتیں خود بخود کافور ہونا شروع ہو جائیں گی اور نیکی اور تقویٰ کا بیج اس طرح بویا جائے گا کہ آئندہ نسلیں بھی اسی رنگ میں رنگین ہو جائیں گی''۔

''اگر تمہارے دلوں میں قرآن شریف آ جائے تو یقیناً یقیناً دنیا کی کوئی طاقت تم پر غالب نہیں آ سکتی''۔

(خطبات محمود۔ خطبہ عیدالفطر جلد اوّل صفحہ 251
مرسلہ: نظارت تعلیم القرآن و وقف عارضی)

## ماہر امراض معدہ و جگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ و جگر مورخہ 9 مارچ 2014ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ کے لئے تشریف لائیں گے۔ ضرورتمند احباب و خواتین سے گزارش ہے کہ وہ ڈاکٹر صاحب موصوف کی خدمات سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

مکرم شمیم احمد شمیم صاحب سیکرٹری اصلاح ارشاد

# جلسہ ہائے سیرت النبیؐ ضلع عمر کوٹ

محض اللہ تعالیٰ کے فضل سے ضلع عمر کوٹ کی تمام 23 جماعتوں کو ماہ جنوری 2014ء میں جلسہ سیرت النبی ﷺ منعقد کرنے کی توفیق ملی۔

### نسیم آباد فارم

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو دن کا آغاز انفرادی نماز تہجد سے کیا گیا۔ صدقہ دیا گیا۔ دن 11 بجے لجنہ اماء اللہ اور ناصرات الاحمدیہ نے جلسہ سیرت النبیؐ منعقد کیا۔ جس کی صدارت مقامی صدر صاحبہ لجنہ نے کی۔ بعد از نماز عصر محترم چوہدری ناصر احمد صاحب واہلہ امیر ضلع عمر کوٹ کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت و نظم کے بعد مکرم حاشر احمد واہلہ صاحب اور مکرم قدیر احمد طاہر صاحب معلم وقف جدید نے تقاریر کیں۔ امیر صاحب نے اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کروائی۔

### گوٹھ علی گل خاصخیلی

12 جنوری 2014ء کو مکرم قدیر احمد طاہر صاحب معلم وقف جدید کی صدارت میں جلسہ ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم معلم صاحب موصوف نے تقریر کی اور دعا کروائی۔ کل حاضری 70 رہی۔

### ناصر آباد فارم

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ سیرت النبیؐ زیر صدارت محترم منیر ذوالفقار چوہدری صاحب نائب امیر ضلع عمر کوٹ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم افضل محمود صاحب مربی سلسلہ اور مکرم انفس احمد صاحب نے تقاریر کیں۔ آخر پر نائب امیر صاحب نے اختتامی خطاب کیا اور دعا کروائی۔ ناصر آباد فارم میں لجنہ وناصرات نے الگ جلسہ منعقد کیا۔ کل حاضری 209 رہی۔

### محمد آباد سٹیٹ

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ سیرت النبیؐ زیر صدارت محترم محمد کاشف ظہیر صاحب مربی سلسلہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم منور احمد صاحب، مکرم انور صاحب اور مکرم عبدالغفور صاحب نے تقاریر کیں۔ آخر پر صدر اجلاس نے اختتامی خطاب کیا اور مکرم طاہر احمد صاحب صدر جماعت نے دعا کروائی۔ لجنہ اماء اللہ نے الگ جلسہ کیا۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے جلسہ بہت کامیاب ہوا۔ 16 غیر از جماعت مہمانوں کے ساتھ کل حاضری 134 رہی۔ تمام مہمانوں اور احمدی گھرانوں میں کھانا بھجوایا گیا۔

### گوٹھ غلام محمد

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ سیرت النبیؐ زیر صدارت محترم اشتیاق احمد صاحب صدر جماعت کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم طاہر احمد بشیر صاحب معلم وقف جدید نے تقریر کی اور مکرم اشتیاق احمد صاحب صدر جماعت نے دعا کروائی۔ حاضری 30 تھی۔

### نور نگر

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز ظہر محترم رفیق احمد صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم وددواحمد صاحب معلم سلسلہ اور محترم مصور احمد بھٹی صاحب معلم وقف جدید نے تقاریر کیں۔ آخر پر مکرم رفیق احمد صاحب صدر جماعت نے اختتامی خطاب کیا اور محترم معلم صاحب موصوف نے دعا کروائی۔ حاضری 46 رہی۔

### کنری

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ سیرت النبیؐ زیر صدارت محترم سیٹھ عبدالسمیع بھٹی صاحب صدر جماعت منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم عبدالمجید زاہد صاحب ناظم انصار اللہ ضلع عمر کوٹ اور محترم محمد آصف طاہر صاحب مربی ضلع عمر کوٹ نے تقاریر کیں۔ آخر پر صدر جماعت نے اختتامی خطاب کیا اور دعا کروائی۔ کنری میں لجنہ اماء اللہ نے 5 حلقوں میں الگ الگ 5 جلسے منعقد کئے، ایک مہمان خاتون کے ساتھ کل حاضری 458 رہی۔

### محمود آباد فارم

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب محترم ارشاد احمد عادل صاحب مربی سلسلہ کی زیر صدارت جلسہ سیرۃ النبیؐ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم داؤد احمد شاہد صاحب نے تقریر کی۔ آخر پر محترم ارشاد احمد عادل صاحب مربی سلسلہ نے اختتامی خطاب کیا اور دعا کروائی۔ حاضری 65 رہی۔

### صادق پور

مورخہ 25 جنوری 2014ء صبح 11 بجے محترم محمد رمضان صاحب کی زیر صدارت جلسہ سیرت النبیؐ ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم طاہر احمد صاحب اور محترم مجاہد احمد صاحب مربی سلسلہ نے تقاریر کیں۔ آخر پر محترم محمد رمضان صاحب نے دعا کروائی۔ ایک مہمان کے ساتھ حاضری 94 رہی۔

### شریف آباد

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو محترم کبیر احمد اٹھوال صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم بشارت علی صاحب، مکرم نثار احمد صاحب، مکرم طارق احمد صاحب اور محترم بہادر علی چوہان صاحب معلم وقف جدید نے تقاریر کیں۔ آخر پر محترم کبیر احمد صاحب نے اختتامی خطاب کیا اور دعا کروائی۔ اسی دن لجنہ اماء اللہ نے اپنا الگ جلسہ کیا۔ تمام شاملین جلسہ کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ کل حاضری 157 رہی۔

### نبی سر روڈ

مورخہ 19 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب محترم منور احمد صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم عدنان زاہد صاحب، مکرم نور احمد صاحب اور مکرم منیر احمد بھٹی صاحب معلم وقف جدید نے تقاریر کیں۔ آخر پر صدر صاحب جماعت نے اختتامی خطاب کیا اور محترم معلم صاحب موصوف نے دعا کروائی۔ اسی طرح مورخہ 21 جنوری 2014ء کو لجنہ اماء اللہ نے جلسہ کیا۔ کل حاضری 86 تھی۔

### کریم نگر

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز ظہر جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس کی صدارت محترم محمد کاشف ظہیر صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم عدنان احمد بھروانہ صاحب معلم سلسلہ نے تقریر کی اور محترم مربی صاحب موصوف نے اختتامی خطاب فرمایا۔ اور آخر پر محترم ندیم احمد صاحب قائد مجلس نے دعا کروائی۔ حاضری 35 تھی۔

### لطیف نگر

مورخہ 15 جنوری 2014ء کو بعد از نماز عصر محترم الٰہی بخش صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم محمد کاشف ظہیر صاحب مربی سلسلہ اور محترم عدنان احمد بھروانہ صاحب معلم وقف جدید نے تقاریر کیں آخر پر محترم الٰہی بخش صاحب صدر جماعت نے دعا کروائی۔ حاضری 11 رہی۔

### اسماعیل آباد

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو محترم محمد کاشف ظہیر صاحب مربی سلسلہ کی زیر صدارت جلسہ ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم عبدالغفار صاحب صدر جماعت نے تقریر کی۔ آخر پر محترم مربی صاحب موصوف نے تقریر کی اور دعا کروائی۔ حاضری 22 رہی۔

### پھیرو چیچی

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ منعقد ہوا۔ جس کی صدارت محترم محمد احمد صاحب صدر جماعت نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم مقبول احمد صاحب اور مکرم عطاء الغالب صاحب نے تقاریر کیں اور آخر پر صدر صاحب جماعت نے دعا کروائی۔ حاضری 14 رہی۔

### مصطفیٰ فارم

مورخہ 13 جنوری 2014ء کو بعد از نماز عشاء جلسہ ہوا۔ جس کی صدارت محترم محمد آصف طاہر صاحب مربی ضلع عمر کوٹ نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم محمد ارشاد عادل صاحب مربی سلسلہ نے تقریر کی۔ آخر پر مربی صاحب ضلع نے اختتامی خطاب فرمایا اور دعا کروائی حاضری 21 تھی۔

### گوٹھ غلام حیدر

مورخہ 17 جنوری 2014ء کو محترم کلیم احمد صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم ندیم احمد صاحب قائد مجلس، مکرم اطہر احمد طاہر صاحب معلم سلسلہ مکرم محمود احمد صاحب اور مکرم بہادر علی چوہان صاحب معلم سلسلہ نے تقاریر کیں۔ آخر پر محترم کلیم احمد صاحب صدر جماعت نے اختتامی تقریر کی اور محترم معلم صاحب موصوف نے دعا کروائی۔ حاضری 23 رہی۔

### احمد آباد سٹیٹ

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو محترم اطہر احمد طاہر صاحب معلم وقف جدید کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور عربی قصیدہ کے بعد مکرم صالح حسین صاحب صدر جماعت اور محترم معلم صاحب موصوف نے تقاریر کیں اور مکرم پیر بخش صاحب نے دعا کروائی۔ حاضری 14 رہی۔

### گوٹھ احمدیہ

مورخہ 17 جنوری 2014ء کو محترم مبارک احمد گوندل صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم افضل محمود صاحب مربی سلسلہ نے تقریر کی اور محترم قدرت اللہ صاحب انسپکٹر مال آمد نے دعا کروائی۔ حاضری 10 رہی۔

### بستی نور

مورخہ 13 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ منعقد کیا گیا۔ جس کی صدارت محترم تنویر احمد صاحب صدر جماعت نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم تنویر احمد صاحب صدر جماعت نے تقریر کی اور دعا کروائی۔ حاضری 14 رہی۔

### عمر کوٹ

مورخہ 12 جنوری 2014ء کو بعد از نماز عشاء محترم عبدالمتین طاہر صاحب معلم وقف جدید کی زیر صدارت جلسہ منعقد کیا گیا۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم جلیس احمد صاحب اور محترم عبدالمتین طاہر

باقی صفحہ 8 پر

پبلشر و پرنٹر: طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ ......... مطبع: ضیاء الاسلام پریس ......... مقام اشاعت: دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ ......... قیمت 5 روپے

مرسلہ: نظارت اصلاح وارشاد مرکزیہ

# مشکل الفاظ کا تلفظ اوران کے معانی

## کتب حضرت مسیح موعود (روحانی خزائن جلد 19)

(قسط اول)

| الفاظ | تَلَفُّظ | معانی |
|---|---|---|
| آب وتاب | آبُ تَاب | شان وشوکت، چمک دمک |
| آئینہ | آئِینَہ | شیشہ |
| آب | آبُ | پانی |
| آب حیات | آبِ حَیَات | زندگی کا پانی۔ وہ پانی جس کے پینے سے آدمی کبھی نہیں مرتا |
| آب زلال | آبِ زُلال | صاف پانی، میٹھا پانی |
| آبائی مذہب | آبَائی مَذھب | باپ دادا کا مذہب، خاندان والوں کا مذہب |
| آبادیاں | آبادِیاں | بستیاں، رہنے کی جگہیں |
| آبپاشی | آبپاشِی | پانی دینا (کھیت وغیرہ کو) بڑھانا، ترقی دینا |
| آبرو | آبرُو | عزت |
| آتش بازی | آتِش بازی | آگ کا کھیل، پھلجھڑی |
| آتش پرستی | آتِش پَرستِی | آگ کی پوجا کرنا |
| آتشی شیشی | آتِشی شِیشِی | ایک خاص قسم کی لمبی اور تنگ گردن کی شیشی جس کے ذریعے سے روغن کھینچتے اور جوہر اڑاتے ہیں |
| آثار | آثَار | روایات، اقوال، نشانات |
| آثار محوشدہ | آثَار مَحو شُدَہ | مٹے ہوئے نشانات |
| آدم زادوں | آدَم زَادُوں | جمع آدم زاد: انسانوں، بنی آدم |
| آراستہ | آرَاسْتَہ | سجایا ہوا، مزین |
| آرام دہ | آرَام دِہ | آرام دینے والا |
| آرام یافتہ | آرَامْ یَافْتَہ | آرام پانے والا، آرام حاصل کرنے والا |
| ابال | اُبَال | جوش، ابھار |
| اباحت | اِبَاحَت | جواز، اجازت، شرع میں جائز ہونا |
| ابتداء | اِبتِدَاء | شروع، آغاز |
| ابتر | اَبتَر | لاولد، جس کی اولاد نہ ہو، جس میں برکت نہ ہو |
| ابتلاء | اِبتِلاء | آزمائش، امتحان |
| ابدی | اَبَدِی | دائمی، قدیمی، غیرفانی، ہمیشہ سے |
| ابر بہار | اَبرِ بَہَار | بہار کا بادل، خوشخبری |
| ابرار | اَبرَار | نیک، صالح |
| ابطال نبوت | اِبطَال نُبُوَّت | نبوت کو جھوٹا ثابت کرنا، رسالت کی تردید |
| ابلہ | اَ بلَہ | کم عقل، بے وقوف |
| ابن مریم | اِبنِ مَریَم | مریم کا بیٹا، حضرت مسیح علیہ السلام |
| ابناء الارض | اَبنَاء الاَرض | دنیادار، زمین کے بیٹے، انسان، آدم زاد |
| ابناء السماء | اَبنَاء السَّمَاء | روحانی لوگ، آسمان کے بیٹے، نیک لوگ |
| ابوالوفا | اَبُوالوَفا | مولوی ثناء اللہ امرتسری کی کنیت |
| اپریشن | اپریشَن | آپریشن، عمل جراحی (operation) |
| اپنے تئیں | اَپنے تَئیں | اپنے آپ کو |
| اپیل (Appeal) | اَپِیل | درخواست، استدعا، عدالت سے چارہ جوئی کرنا |
| اتباع کرنا | اِتِّبَاع کرنا | پیروی، پیچھے چلنا، فرمانبرداری |
| اتحاد | اِتِّحَاد | ملاپ، دوستی، یگانگت، ہل جانا |
| اتقیا | اَتقِیَا | متقی کی جمع۔ پرہیزگار، تقویٰ اختیار کرنے والے |
| اتم | اَتَم | پورا، تمام، مکمل |
| اتمام حجت | اِتمَامِ حُجَّت | آخری دلیل، فیصلہ کن بات، رفع اختلاف کیلئے آخری بات یا کوشش |
| اتھاہ گڑھے | اَتھاہ گڑھے | بہت ہی گہرے گڑھے |
| اتہام | اِتِّہَام | تہمت، الزام |
| اجتماع | اِجتِمَاع | مجمع، جلسہ |
| اجتہاد | اِجتِہاد | رائے، قیاس، فقہ اسلامی کی اصطلاح میں قرآن وحدیث اور اجماع پر قیاس کر کے شرعی مسائل کا اخذ کرنا |
| اجتہادی غلطی | اِجتِہَادِی غَلَطِی | ایسی غلطی جو اس امر میں لگے کہ جو کسی مسئلے کے متعلق شرعی حکم دریافت کرنے کی کوشش سے متعلق ہو |
| اجر | اَجُر | عوض، ثواب، انعام |
| اجرام فلکی | اَجرَامِ فَلَکی | آسمان پر موجود اجسام، سیارے اور ستارے سورج چاند وغیرہ |
| اجسام | اَجسَام | جسم کی جمع۔ بدن، تن، قالب، ٹھوس چیز |
| اجل مقدر | اَجَلِ مُقَدَّر | ایک معین اندازہ والی مدت، مقررشدہ مدت |
| احاد | اَحَاد | وہ حدیث نبوی جس کی روایت شخص واحد سے لی گئی ہو |
| احادیث صحیحہ | اَحَادِیث صَحِیحَہ | ایسی حدیثیں جن کے راوی ہر لحاظ سے اعلیٰ معیار کے ہوں اور جن کی سند رسول اللہ ﷺ تک پہنچتی ہو |
| احادیث موضوعہ | اَحَادِیث مَوضُوعَہ | وہ حدیثیں جو خود بنائی گئی ہوں، خودساختہ حدیثیں |
| احاطہ | اِحَاطَہ | گھیرا، محدود |
| احتمال | اِحتِمَال | اندیشہ، امکان، گمان |
| احسان | اِحسَان | کسی کے ساتھ اس کے حق سے بڑھ کر نیکی کرنا، اچھا سلوک، بھلائی، شفقت کرنا |
| احمق | اَحمَق | بے وقوف، نادان |
| اختلاف عقائد | اِختِلَافِ عَقَائِد | عقیدوں کا اختلاف |
| اخلاص | اِخلَاص | نیک نیتی، صاف دلی، بے ریائی |
| اخلاق فاضلہ | اَخلَاقِ فَاضِلَہ | اچھے اخلاق، عمدہ اخلاق |
| اخلاقی | اَخلَاقِی | جن کا تعلق اخلاق سے ہو |
| اخویم | اَخوِیم | میرا بھائی، میرا دوست، میرا عزیز |
| اخیار | اَخیَار | نیک برگزیدہ لوگ |
| ادائے قرضہ | اَدَائے قَرض | قرضہ ادا کرنا |
| ادعیہ | اَدعِیَہ | دعا کی جمع: دعائیں |
| ادعیہ ماثورہ | اَدعِیَہ مَاثُورَہ | وہ دعائیں جو آنحضرت ﷺ کیا کرتے تھے۔ |
| ادنیٰ ادنیٰ خیر | اَدنیٰ اَدنیٰ خَیر | چھوٹی چھوٹی نیکیاں، بھلائیاں |
| ادیب | اَدِیب | علم وادب کا ماہر، زبان دان |
| اذن | اِذَن | اجازت، حکم |
| ارادہ الٰہی | اِرَادَہ اِلٰھی | اللہ تعالیٰ کا ارادہ، منشاء الٰہی |
| اربعہ | اَربَعَہ | چاروں، چاروں طرف |
| ارتداد | اِرتِدَاد | دین سے پھر جانا، ہٹ جانا |
| ارتکاب | اِرتِکَاب | عمل کرنا (عموماً برے کام کے لیے استعمال ہوتا ہے) |
| ارتھ | اَرتھ | معنی، مفہوم، مطلب |
| ارشدکم اللہ | اَرشَدَ کُمُ اللّٰہ | اللہ تمہیں ہدایت دے |
| ارض | اَرض | زمین |

| | | |
|---|---|---|
| ارض حجاز | اَرضِ حِجَازُ | حجاز کی زمین،مقدس زمین،عرب کا وہ صوبہ جس میں مدینہ آتا ہے۔ |
| ارض وسما | اَرض و سَمَا | زمین وآسمان |
| ارگ | اَرَگ | چڑھاوا جو ہندو رسما دیوتاؤں کو چڑھاتے ہیں |
| ارواح | اَروَاح | روح کی جمع |
| آریوں | آرِیوں | آریہ کی جمع: آریہ مذہب سے تعلق رکھنے والے |
| آریہ دھرم | آرِیَه دَھرَم | ہندوؤں کا ایک فرقہ |
| آریہ سماج | آرِیَه سَمَاج | آریہ معاشرہ،آریہ سماج ایک فرقہ بھی ہے |
| آریہ سماجی | آرِیَه سماجی | آریہ سماج سے تعلق رکھنے والے لوگ |
| آریہ مت | آرِیَه مَت | آریہ مذہب |
| آریہ ورت | آرِیَه وُرَتْ | وہ ملک یا جگہ جہاں آریہ مذہب کے لوگ رہتے ہوں |
| ازانجملہ | اَز آنْجُملَه | ان میں سے |
| ازاں بعد | اَزَاں بعد | اس کے بعد |
| ازسرنو | اَز سَرِنَو | شروع سے، نئے سرے سے آغاز سے |
| ازل | اَزَل | ابتداء، آغاز تخلیق کا زمانہ، ہمیشہ |
| ازلی ابدی | اَزَلِی اَبَدِی | جس کی نہ کوئی ابتداء ہو نہ انتہا ہو |
| ازلیت | اَزَلِیَّتْ | ابتداء سے، آغاز سے ہونا |
| آسائش | آسَائِش | سہولت، آرام، آسانی |
| اسباب | اَسبَاب | تدابیر، وسائل، ذرائع، وسیلے، مال ومتاع، ساز وسامان |
| آستانہ | آستَانَه | دہلیز، چوکھٹ، دروازہ، مکان، بارگاہ |
| استت | اُستُتْ | حمد وثنا کے گیت گانا |
| استت ومہما | اُستُتْ وَ مَهِمَا | حمد وثنا کے گیت گانا اور بڑائی بیان کرنا |
| استدراک | اِستِدرَاكُ | تدارک مافات یعنی جو رہ گیا ہو اس کی کمی پوری کرنا۔ کسی امر کی تلافی کرنا۔ |
| استدلال | اِستِدلَال | دلیل یا ثبوت پیش کرنا |
| استعارہ | اِستِعَارَه | علم بیان کی اصطلاح میں لفظ کا مجازی معنی میں استعمال، مانگنا، |
| استغفار | اِستِغفَار | بخشش چاہنا |
| استفتاء | اِستِفتَاء | فتویٰ طلب کرنا، شرعی مسئلہ دریافت کرنا |
| استقامت | اِستِقَامَت | مضبوطی، پائیداری |
| استقلال | اِستِقلَال | مضبوطی |
| استنباط | اِستِنبَاطُ/ اِستِمِ بَاطِن | چننا، نتیجہ اخذ کرنا، بات کرید کر نکالنا |
| اسرائیلی | اِسرَائِیلِی | اسرائیل سے تعلق رکھنے والا، اسرائیل کا باشندہ، یہودی |
| اسرائیلی بلاد | اِسرَائِیلِی بِلَاد | ایسے شہر جہاں اسرائیلی قوم رہتی ہے |
| اسرار | اَسرَار | سِرّ کی جمع۔ بھید، راز، چھپی ہوئی بات |
| اسراف | اِسرَاف | فضول خرچی، ضرورت سے زیادہ خرچ کرنا |
| اسم بامسمّٰی | اِسْمُ بَا مُسَمّٰی | وہ شخص جس کے اوصاف ٹھیک ٹھیک اس کا نام ثابت کرتے ہوں، جیسا نام ویسا کام |
| آسمانی اجرام | آسْمَانِی اَجْرَام | آسمان میں پائے جانے والے اجسام، اجرام فلکی، سورج چاند ستارے وغیرہ |
| آسمانی اسرار | آسْمَانِی اَسرَار | آسمانی پوشیدہ باتیں، راز |
| آسمانی روح | آسمَانِی رُوُح | آسمان (خدا) سے تعلق رکھنے والی روح، خدا تعالیٰ کی تائید جس کے ساتھ ہو |
| اشارات | اِشَارَات | اشارے، دلائل |
| اشارۃ النص | اِشَارَۃُ النَّص | واضح اشارہ |
| اشتراک | اِشتِرَاك | مشترک ہونا، ایک جیسا ہونا |
| اشتعال طبع | اِشتِعَالِ طَبَع | جوشیلی، بھڑکنے والی طبیعت، فساد کی طرف مائل ہونے والی طبیعت |

| | | |
|---|---|---|
| اشتہار | اِشتِهَار | اطلاع، اعلان کی غرض سے چھپا ہوا کاغذ، نوٹس، اعلان |
| اشخاص | اَشخَاص | شخص کی جمع، آدمی |
| اصرار | اِصرَار | ضد کرنا، ڈٹے رہنا |
| اصطلاح | اِصطِلَاح | وہ لفظ جس کے کوئی خاص معنی کسی علم یا فن وغیرہ کے ماہرین نے یا کسی جماعت نے مقرر کر لیے ہوں |
| اصلیت | اَصلِیَّت | حقیقت |
| اضطراب | اِضطِرَاب | بے چینی، قلق، پریشانی، تکلیف |
| اظہار | اِظهَار | بیان، ظاہر کرنا |
| اظہر من الشمس | اَظهَر مِنَ الشَّمس | بہت واضح اور روشن، سورج سے زیادہ روشن اور ظاہر |
| اعتراف | اِعتِرَاف | اقرار، تسلیم کرنا، ماننا |
| اعتقاد | اِعتِقَاد | عقیدہ، یقین |
| اعتکاف | اِعتِکَاف | مسنون طریق کے مطابق رمضان کے دوران مسجد میں بیٹھنا، عبادت کے لئے کسی ایک جگہ بیٹھنا |
| اعجاز | اِعجَاز | معجزہ |
| اعجازی رنگ | اِعجَازِی رَنگ | معجزانہ طور پر |
| عجوبہ | عُجُوبَه | عجیب چیز، انوکھی چیز، حیرت میں ڈالنے والی چیز |
| عجوبہ نمائی | عُجُوبَه نُمَائِی | عجوبہ دکھانا، حیرت انگیز کام کرنا |
| اعراض | اِعرَاض | پہلوتہی، منہ پھیر لینا، روگردانی |
| اعضا | اَعضَا | عُضو کی جمع۔ بدن کا کوئی حصہ |
| اعضائے رئیسہ | اَعضَائے رَئِیسَه | جسم کے اہم حصے جیسے دل جگر دماغ |
| اعلیٰ لذات | اَعلیٰ لَذَّات | بلند لذتیں، پاکیزہ خوشیاں |
| اغوا | اِغوَاء | بہکانا، گمراہ کرنا |
| افاضہ | اِفَاضَه | فیض یا فائدہ پہنچانا |
| افاضہ تشریعی | اِفَاضَه تَشرِیعِی | شریعت اور روحانیت کا فیض |
| آفت | آفَت | صدمات، دکھ، مصائب، تکالیف، جمع آفات |
| آفتاب | آفتَاب | سورج |
| آفتاب پرست | آفتَابُ پَرَست | سورج کی پوجا کرنے والے |
| آفتاب حقیقی | آفتَابِ حَقِیقِی | حقیقی سورج |
| افترا | اِفتِرَاء | تہمت، بہتان، جھوٹا الزام |
| افتیمون | اَفتِیمُون | ایک بوٹی آکاس بیل |
| افراط | اِفرَاط | فراوانی، کثرت، بہتات |
| افراط وتفریط | اِفرَاطُ وتَفرِیط | زیادتی وکمی |
| افضل | اَفضَلُ | بہترین، فضیلت رکھنے والا |
| افضل الرسل | اَفضَلُ الرُّسُل | رسولوں میں سے سب سے زیادہ فضیلت رکھنے والا، نبیوں میں سے سب سے زیادہ بزرگ |
| افعال شنیعہ | اَفعَالِ شَنِیعَه | بُرے اور ناپاک کام |
| افق | اُفُق | وہ جگہ جہاں زمین وآسمان ملے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ آسمان کا کنارہ |
| افیون | اَفیُون | ایک قسم کا نشہ ہے جو پوست کے درخت کے دودھ سے بنایا جاتا ہے۔ |
| اقارب | اَقَارِب | قریبی رشتہ دار |
| اقامت | اِقَامَت | قائم کرنا، تکبیر نماز باجماعت |
| اقبال | اِقبَال | رتبہ، عزت |
| اقتباس | اِقتِبَاس | انتخاب کرنا، نقل کرنا، چنا ہوا کلام |
| اقتدار | اِقتِدَار | قبضہ، غلبہ، طاقت، قوت، اختیار حکومت |

| | | |
|---|---|---|
| اقدام قتل | اِقدامِ قَتل | قتل کرنے کا ارادہ کرنا |
| اقرار | اِقرار | وعدہ کرنا، مان جانا، اعتراف کرنا |
| اقرب | اَقرَب | زیادہ قریب، زیادہ نزدیک |
| اقوال | اَقوَال | قول کی جمع۔ بات، بیان |
| اکابر | اَکَابِر | بڑے لوگ |
| اکاش/آکاش | اَکَاش | آسمان |
| اکتساب | اِکتِسَاب | حاصل کرنا، کمانا، محنت سے پیدا کرنا |
| اکسایا | اُکسَایا | ابھارا، جوش دلایا |
| اکمل | اَکمَل | سب سے کامل |
| آگاہی | آگَاهِی | خبردار ہونا، اطلاع پانا |
| اگنی | اَگنِی | آگ |
| اگنی دیوتا | اَگنِی دیوتَا | ہندوؤں کے نزدیک آگ کا دیوتا |
| آلائشوں | آلائشوں | آلائش کی جمع۔ میل، کچیل، غلاظت، گندگی |
| آلودگی | آلُودگِی | ملاوٹ، گندگی |
| آلہ | آلہ | ہتھیار، اوزار، ساز و سامان |
| ام الالسنہ | اُمُّ الاَلسِنَہ | ام: ماں، لسان (زبان) کی جمع السنہ۔ زبانوں کی ماں (یعنی عربی زبان) |
| آمادہ | آمَادَہ | تیار، مستعد |
| امامت | اِمَامَت | پیشوائی، ہدایت، نماز پڑھانا، رہنمائی، آگے ہونا |
| امان | اَمَان | پناہ، حفاظت، آرام |
| امت مرحومہ | اُمَّتِ مَرحُومَہ | وہ امت جس پر اللہ کی رحمت ہو |
| امتحان | اِمتِحَان | آزمائش، پرکھ، ابتلاء |
| امتی | اُمَّتِی | امت میں سے، رسول اللہ ﷺ کی امت میں سے |
| امتیاز | اِمتِیَاز | فرق، تمیز، شناخت |
| آمد ثانی | آمَدِ ثَانِی | دوسری دفعہ آنا، دوبارہ آنا، دوسری بار آنا |
| آمد و رفت | آمَد و رَفت | آنا جانا |
| امر اتفاقی | اَمرِ اِتِّفَاقِی | اتفاقی بات، بغیر کسی منصوبہ کے |
| امر تنقیح طلب | اَمرِ تَنقِیحِ طَلَب | ایسا معاملہ جس کو عیبوں اور خامیوں سے پاک کرنے کی ضرورت ہو، تفتیش طلب معاملہ |
| امر متنازعہ فیہ | اَمرِ مُتَنَازَعَہ فِیہِ | وہ بات جس کے بارہ جھگڑا/اختلاف ہو |
| امر بدیہی | اَمرِ بَدِیہِی | واضح بات، نظر آنے والی بات |
| امکان | اِمکَان | ممکن ہونا، مجال، طاقت |
| امکان قدرت | اِمکَانِ قُدرَت | قدرت کا دائرہ، قدرت کی انتہاء |
| املاک | اَملَاک | ملک کی جمع: جائیدادیں، مال و متاع، مکانات وغیرہ امور |
| امور ثلثہ | اُمُورِ ثَلٰثَہ | تین باتیں (یہاں وہ تین باتیں مراد ہیں جو حضرت مسیح موعود نے کسی مذہب کی سچائی ثابت کرنے کیلئے بیان فرمائی ہیں) |
| امور غیب | اُمُورِ غَیب | مخفی معاملات، چھپے ہوئے، پوشیدہ، غیب کی باتیں |
| امور محسوسہ | اُمُورِ مَحسُوسَہ | ایسی باتیں جو ہو چکی ہیں۔ جو دیکھی جا سکتی ہیں جن کی نظیر موجود ہے۔ |
| امور مشہودہ | اُمُورِ مَشہُودَہ | ایسے کام جو نظر آئیں، ظاہر ہوں |
| امور مشہودہ محسوسہ | اُمُورِ مَشہُودَہ مَحسُوسَہ | ایسے کام جو نظر آئیں، ظاہر ہوں، وہ امور جن کا مشاہدہ کیا جا سکے اور ان کو محسوس کیا جا سکے دیکھا جا سکے |
| امور معروفہ | اُمُورِ مَعرُوفَہ | نیکی کے کام، ایسے کام جن کا کرنا بزرگوں سے ثابت ہے |
| امیر | اَمِیر | دولتمند، صاحبِ اختیار، معاملات کو چلانے والا |
| آمیزش | آمِیزِش | ملاوٹ |
| امین | اَمِینُ | امانت دار، امانتوں کا حق ادا کرنے والا |
| آمین بالجہر | آمِین بِالجَهر | نماز باجماعت میں سورۃ فاتحہ کے بعد آمین قدرے بلند آواز سے کہنا |
| ان ہونی | اَن ہونی | ناممکن، محال، نہ ہونے والی |

| | | |
|---|---|---|
| انادی | اَنَادِی | قدیمی، شروع سے |
| انبار در انبار | اَنبَار دَر اَنبَار | ڈھیروں ڈھیر |
| انبیاء | اَنبِیَاء | نبی کی جمع: پیغمبر، رسول |
| انتقام | اِنتِقَام | بدلہ، سزا |
| انتقام محمود | اِنتِقَامِ مَحمُود | اچھے طریق سے بدلہ لینا |
| انجام بد | اَنجَامِ بَد | برا انجام |
| انجام کار | اَنجَامِ کَار | آخرکار، نتیجہ کے لحاظ سے |
| آنجناب | آنجَنَاب | جناب والا، عالی جناب |
| انجیل کی رو سے | اِنجِیل کی رُو سے | انجیل کے مطابق |
| اندازہ | اَندَازَہ | قیاس، تخمینہ |
| اندھوں | اَندُھوں | اندھا کی جمع: نابینوں۔ جنہیں کچھ نظر نہ آتا ہو |
| اندیشہ | اَندِیشَہ | کھٹکا، فکر، خیال، خوف، خطرہ |
| آنریری مجسٹریٹ | آنرِیری مَجسٹرِیٹ | وہ مجسٹریٹ جو بلا تنخواہ کام کرے۔ اور اپنی علمی یا خاندانی شہرت کی بنا پر حکومت کی جانب سے اس عہدے کے لیے نامزد کیا جائے |
| انس | اُنس | محبت، الفت، پیار |
| انسداد | اِنسِدَاد | روکنا، دور کرنا |
| انشاء اللہ | اِن شَاءَ اللّٰہ | اگر اللہ نے چاہا |
| انقطاع | اِنقِطَاع | کٹ کر ایک طرف ہو جانا، علیحدہ ہونا، الگ ہونا |
| انقلاب | اِنقِلَاب | الٹ پلٹ، تغیر و تبدل، گردش، تبدیلی، زمانے کی گردشیں |
| انکسار | اِنکِسَار | عاجزی، جھکنا، تذلل |
| انکشاف | اِنکِشَاف | اظہار، دریافت، نمود |
| انوار | اَنوَار | نور کی جمع: روشنیاں، اجالا |
| انواع | اَنوَاع | نوع کی جمع: اقسام |
| آنہ | آنہ | ایک روپے کا سولہواں حصّہ |
| اوائل | اَوَائِل | ابتداء میں، شروع میں |
| آواگون | آوَاگون | تناسخ، ہندوؤں کے نزدیک روح کا کسی دوسرے کے جسم میں داخل ہونا، ایک دفعہ مرنے کے بعد روح کا آسمان پر چلے جانا لیکن کچھ عرصہ بعد کسی دوسرے جسم میں ہو کر اس دنیا میں آنا۔ اس آنے جانے کو آواگون کہتے ہیں |
| آوٰی | آوٰی | اس نے پناہ دی |
| اوتار | اَوتَار | دیوتا، پیغمبر۔ ہندوؤں کا عقیدہ ہے کہ بعض اوقات خدا انسان یا حیوان کی صورت میں جنم لیتا ہے۔ پس اس انسان یا حیوان کو اوتار کہتے ہیں |
| اوراق | اَورَاق | ورق کی جمع: صفحات، کاغذات |
| اوس | اُوس | شبنم، تریل |
| اوسط | اَوسَط | درمیانہ، بہترین |
| اوّل | اَوَّل | پہلا |
| اولاد نرینہ | اَولَاد نَرِینَہ | نر/مذکر اولاد، لڑکے |
| اوہام | اَوہَام | وہم کی جمع: شک، گمان، بے اعتباری۔ ایسی کیفیت جس میں بندہ کسی ایسی چیز کے ہونے کا خیال کرے جو موجود نہ ہو |
| انگل | اَنگل | اندازہ |
| اٹل | اَٹَل | قائم، نہ ہٹنے والا، نہ ٹلنے والا |
| اہانت | اِہَانَت | توہین، رسوائی، ذلت، ہتک |
| اہل الرائے | اَہلُ الرَّائے | صاحب الرائے، جن کی رائے قابل اعتبار ہو، عقلمند |
| اہل تعبیر | اَہلِ تَعبِیر | خواب کی تعبیر کرنے والے |
| اہل حق | اَہلِ حَق | سچ اور حق کو ماننے والے، سچ والے، سچے |
| اہل قرآن | اَہلِ قُرآن | قرآن کریم کے احکام پر عمل کرنے والے۔ مسلمانوں کا ایک فرقہ |

مکرم مظفر احمد درانی صاحب

# نفلی روزہ کی اہمیت وفضیلت

فرض عبادات کے ساتھ ساتھ نفلی عبادات بھی اللہ کی پسندیدگی اور رضا کا موجب ہیں جیسا کہ فرمایا: وَمَنْ تَطَوَّعَ خَيْرًا...... (البقرۃ:159) کہ جو نفلی نیکیاں بجالائے تو یقیناً اللہ ان کا قدردان اور دائمی علم رکھنے والا ہے۔ پھر یہی نوافل فرائض کی حفاظت اور تقویت کا موجب بنتے اور انہیں سنوارنے میں مدد دیتے ہیں۔

## نفلی روزے

نفلی عبادات میں نفلی روزہ بھی شامل ہے۔ نفلی روزہ سے مراد وہ روزہ ہے جو رمضان کے روزوں کی طرح فرض تو نہیں لیکن اس کا رکھنا ثواب اور ردّ بلا کا موجب ہوتا ہے۔ آنحضرت ﷺ بکثرت نفلی روزے رکھا کرتے تھے، ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ بیان فرماتی ہیں کہ سال کا کوئی مہینہ نہیں گزرتا تھا جس میں حضرت اقدس نبی کریم ﷺ نفلی روزے نہیں رکھا کرتے تھے۔

(صحیح مسلم کتاب الصیام باب استحباب ان لا یخلی شھر من صوم)

اور اپنے ماننے والوں کی بھی روزے رکھنے کا ارشاد فرماتے اور ساتھ ان کی حکمتیں اور برکتیں بھی بتایا کرتے تھے۔ جیسے شوال، ایام بیض، 9 ذوالحجہ، 10 محرم، پیر اور جمعرات وغیرہ کے روزوں کا ذکر صحیح مسلم کتاب الصیام میں موجود ہے۔

## نفلی روزے کب رکھے جائیں

یوں تو نفلی روزہ کسی بھی دن رکھا جاسکتا ہے جیسا کہ آنحضرت ﷺ رکھا کرتے تھے سوائے بعض ممنوعہ دنوں کے جیسے عیدین اور صرف جمعہ کے دن۔ لیکن نبی آخرالزمان حضرت محمد رسول اللہ ﷺ بعض خاص دنوں میں بھی نفلی روزے رکھا کرتے تھے۔

## شوال کے روزے

حضرت ابوایوب انصاریؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص رمضان المبارک کے روزے رکھنے کے بعد ماہ شوال کے بھی چھ روزے رکھے تو گویا اس نے سال بھر کے روزے رکھے۔

(صحیح مسلم کتاب الصیام باب استحباب صوم ستة ایام من شوال)

یہ روزے عید کا دن گزرنے کے بعد رکھے جائیں گے۔ رمضان کے تیس اور شوال کے چھ روزے مل کر کل 36 ہو گئے۔ ایک نیکی کا ثواب دس گنا ہونے سے 36 روزوں کا دس گنا ثواب 360 دنوں کا بن جاتا ہے جو ایک سال کے دنوں کے برابر ہو جاتے ہیں اور جو شخص ہر سال ایسا کرنے کی توفیق پائے تو اسے زندگی بھر کے روزوں کا ثواب ملتا ہے۔

## ہر ماہ تین روزے

حضرت اقدس محمد رسول اللہ ﷺ نے ہر ماہ تین روزے رکھنے کی تاکید فرمائی۔ پھر فرمایا کہ جب تم ہر ماہ تین روزے رکھنے کا فیصلہ کرلو تو چاند کی تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں تاریخ کو روزے رکھا کرو۔ نیز فرمایا کہ جو ہر ماہ تین روزے رکھے گا تو اسے ساری زندگی کے روزے رکھنے کا ثواب ملے گا۔ جس کی اللہ کے کلام سے تصدیق ہوتی ہے، جیسا کہ فرمایا: مَنْ جَآءَ بِالْحَسَنَةِ ...... (الانعام:161) یعنی ایک نیکی دس نیکیوں کے اور ایک دن دس دنوں کے برابر ہے۔

(جامع ترمذی ابواب الصوم باب ما جاء فی صوم ثلاثة ایام من کل شھر)

## پیر اور جمعرات کا روزہ

آنحضرت ﷺ ہر ہفتے پیر اور جمعرات کے دن بھی نفلی روزہ رکھا کرتے تھے۔ حضرت ابوہریرہؓ کی روایت کے مطابق آپ ﷺ نے اس کی حکمت اور وجہ بیان کرتے ہوئے فرمایا کہ پیر اور جمعرات کے دن انسان کے اعمال خدا کے حضور پیش کئے جاتے ہیں۔ اس لئے میں پسند کرتا ہوں کہ جب میرے اعمال خدا کے حضور پیش ہو رہے ہوں تو میں روزہ کی حالت میں ہوں اس لئے میں پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھتا ہوں۔

(جامع ترمذی ابواب الصوم باب ما جاء فی یوم الاثنین والخمیس)

جب آنحضرت ﷺ سے پیر کے روزے کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کہ اس دن میں پیدا ہوا تھا اور اسی دن مجھ پر وحی کا نزول شروع ہوا اور میں مبعوث کیا گیا تھا۔

(صحیح مسلم کتاب الصیام باب استحباب صیام ثلاثة ایام من کل شھر وصوم یوم العرفہ وعاشوراء والاثنین والخمیس)

جب سب نبیوں کے سردار، معصوم عن الخطاء حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ اپنے اعمال کے خدا کے حضور پیشی کے وقت روزہ سے ہونے کا اس قدر اہتمام فرماتے تھے تو ہم کمزوروں کی یہ ذمہ داری بہت ہی بڑھ جاتی ہے کہ ہم بھی ان دنوں کے نفلی روزہ کی پابندی کرنے والے بنیں۔

## نفلی روزہ کیوں رکھا جائے

نفلی روزہ کیوں رکھا جائے اور اس کی کیا فضیلت ہے؟ اس بات کا جواب آنحضرت ﷺ نے پوری حکمتوں کے ساتھ دیا ہے۔ فرمایا: مَنْ صَامَ يَوْمًا ......

(صحیح مسلم کتاب الصیام باب فضل الصیام فی سبیل اللہ)

کہ جو اللہ کی خاطر ایک دن کا روزہ رکھتا ہے تو اس کے بدلہ میں اللہ تعالیٰ روزے دار کے چہرہ کو جہنم کی آگ سے ستر سال کی مسافت کے برابر دور کر دیتا ہے۔ ستر سال انسان کی اوسطاً عمر ہے۔ گویا ایک روزہ کے نتیجہ میں انسان پوری زندگی کے لئے جہنم کی آگ سے محفوظ ہو جاتا ہے۔ کیسا ہی خوش نصیب ہے وہ شخص جو ہر ماہ اور ہر ہفتہ روزہ رکھ کر اپنے آپ کو دنیا و آخرت کی جہنموں سے محفوظ و مامون کر رہا ہوتا ہے۔

......الغرض نفلی روزے جہاں اللہ تعالیٰ کی رضا اور خوشنودی کے حصول کا ذریعہ ہیں وہاں رد بلا اور دنیوی واخروی آگوں سے محفوظ رہنے کا بھی موجب بنتے ہیں۔ آج دشمنوں نے ہمارے لئے طرح طرح کی آگیں بھڑکا رکھی ہیں، جگہ جگہ مخالفت کے الاؤ روشن کئے گئے ہیں۔ حق کے دشمن منہ کی پھونکوں سے ہی نور خدا کو بجھانے کی کوشش میں نہیں بلکہ تیر وتفنگ سے بھی حق وصداقت کے پیکروں کے سینے چھلنی کر رہے ہیں اور ان کے پاک خون سے اپنی سفلی پیاس بجھا رہے ہیں۔

اسی ضرورت کے پیش نظر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنے خطبہ جمعہ میں احباب جماعت کو روزانہ دو نوافل ادا کرنے، ہفتہ میں ایک روزہ رکھنے کی تحریک کرتے ہوئے فرمایا:

''پاکستان میں رہنے والے احمدیوں کو میں خاص طور پر توجہ دلاتا ہوں کہ دعاؤں کی طرف، صرف عام دعائیں نہیں بلکہ خاص دعاؤں کی طرف پہلے سے بڑھ کر توجہ دیں بلکہ ان دعاؤں کے ساتھ ہفتے میں ایک نفلی روزہ بھی رکھنا شروع کر دیں۔''

(الفضل انٹرنیشنل 28 اکتوبر 2011ء)

مذکورہ بالا تعلیمات و ہدایات کی روشنی میں جماعت کی طرف سے یہ فیصلہ کیا گیا ہے کہ احباب جماعت ہر جمعرات کے دن نفلی روزہ رکھا کریں، جو کسی وجہ سے جمعرات کو روزہ نہ رکھ سکیں وہ پیر کے دن روزہ رکھنے کی کوشش کریں۔ تا اللہ تعالیٰ جلد ان مشکلات ومصائب کے دنوں کو دور فرمائے اور ہم بھی ان پابندیوں سے نکل کر آزادی کے ساتھ احکامات دینیہ پر عمل کرسکیں۔ دنیا بھر میں اس ہدایت پر حسب توفیق عمل ہو رہا ہے بلکہ بعض ممالک کے احمدی ہفتہ کے دونوں دن یعنی ہر پیر اور جمعرات کے دن نفلی روزہ رکھنے کی توفیق پا رہے ہیں۔

## نیکیوں میں دوام اختیار کرو

انسان بعض اوقات جذباتی ہوکر بڑے بڑے ارادے باندھتا اور ان پر عمل کر کے جلد ہی تھک کر بیٹھ جاتا ہے۔ اس بارہ میں رسولِ خدا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے ہماری یوں رہنمائی فرمائی ہے: اَحَبُّ الْعَمَلِ اِلیَ اللّٰهِ مَا دَاوَمَ عَلَيْهِ صَاحِبُهٗ وَ اِنْ قَلَّ

(صحیح مسلم کتاب الصیام باب استحباب ان لا یخلی شھر من صوم)

کہ اللہ کے نزدیک سب سے پسندیدہ عمل وہ ہے، جس پر مداومت اختیار کی جائے خواہ وہ عمل چھوٹا ہی ہو۔

اللہ تعالیٰ ہمیں دینی تعلیمات پر مداومت کے ساتھ عمل کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

## رمضان ہمدردی کی انتہاء سکھاتا ہے

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

رمضان وہ مہینہ ہے جس کے بارے میں گویا سارا قرآن اتارا گیا ہے۔ یعنی قرآن شریف کیوں اتارا گیا ہے؟ اس کا جواب دیا کہ رمضان شریف کے متعلق اتارا گیا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد دوم از افاضات حضرت مصلح موعود صفحہ 394۔ زیر آیت شھر رمضان الذی انزل فیہ القرآن)

اب بظاہر تو قرآن شریف بہت زیادہ وسیع ہے اور رمضان کے جو احکامات ہیں وہ محدود ہیں لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ اگر آپ تجزیہ کریں تو یہ حقیقت کھل کر سامنے آجائے گی کہ قرآن کریم جس جس مقصد کی خاطر اتارا گیا ہے وہ سارے مقاصد رمضان شریف میں پورے ہو جاتے ہیں ایک بھی مقصد بلکہ اس کا ایک ذرہ بھی رمضان شریف سے باہر نہیں رہ جاتا۔ عبادت کی جتنی بھی قسمیں بیان ہوئی ہیں وہ ساری روزوں کے اندر آجاتی ہیں۔ خدمت خلق کی جتنی قسمیں بیان ہوسکتی ہیں وہ ساری روزہ کے اندر آجاتی ہیں۔ روزہ ہمدردی کی انتہا بھی سکھاتا ہے اور خشوع وخضوع کا کمال بھی انسان کو عطا کرتا ہے، عجز کی راہیں بھی بتاتا ہے اور غریبوں کو اٹھا کر اپنے ساتھ شامل کرنے کے طریق بھی انسان کو سکھاتا ہے۔

(خطبات طاہر جلد 2 ص 325)

# نماز جنازہ حاضر و غائب

مکرم منیر احمد جاوید صاحب پرائیویٹ سیکرٹری لندن تحریر کرتے ہیں کہ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 20 فروری 2014ء کو بیت الفضل لندن میں قبل نماز ظہر درج ذیل افراد کی نماز جنازہ حاضر و غائب پڑھائی۔

## نماز جنازہ حاضر

### مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب

مکرم چوہدری نذیر احمد صاحب آف رحیم یار خان حال مقیم لندن مورخہ 17 فروری 2014ء کو 1974ء سال کی وفات میں وفات پا گئے۔ آپ 1953ء میں اپنے والد محترم کے ساتھ بیعت کر کے جماعت احمدیہ میں شامل ہوئے۔ آپ کو رحیم یار خان میں گیارہ سال زعیم انصاراللہ اور کئی سال سیکرٹری تعلیم القرآن و رشتہ ناطہ کی حیثیت سے خدمت کی توفیق ملی۔ 1974ء کے فسادات میں آپ کو حملہ آوروں نے شدید زخمی کر دیا اور گھر کا سب سامان بھی لوٹ لیا۔ اسی طرح 1988ء میں آپ پر کیس بنایا گیا جس کے نتیجہ میں آپ کو اسیر راہ مولیٰ رہنے کا اعزاز بھی ملا۔ آپ نے تمام صعوبتیں صبر کے ساتھ برداشت کیں اور کسی موقع پر بھی اپنے ایمان میں کمزوری نہیں آنے دی۔ مرحوم موصی تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور تین بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

## نماز جنازہ غائب

### مکرم چوہدری نسیم احمد صاحب کاشمیری

مکرم چوہدری نسیم احمد کاشمیری صاحب مربی سلسلہ شعبہ تاریخ احمدیت ربوہ مورخہ 14 فروری 2014ء کو بعارضہ کینسر 49 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ کے والد مکرم چوہدری نذر محمد صاحب نے خلافت ثانیہ کے دور میں احمدیت قبول کی تھی۔ آپ نے 1988ء میں جامعہ سے مبشر کی ڈگری لینے کے بعد پاکستان کی مختلف جماعتوں میں خدمت کی توفیق پائی۔ مئی 2012ء میں ان کا تقرر دفتر شعبہ تاریخ احمدیت میں ہوا اور وفات سے قبل وہیں خدمت کی توفیق پا رہے تھے۔ مرحوم درویش صفت، بہت شریف النفس، محنتی اور اخلاص کے ساتھ خدمت بجالانے والے، ملنسار اور خوش مزاج انسان تھے۔ خود بھی صوم وصلوٰۃ کے پابند تھے اور دوسروں کو بھی نمازوں کی پابندی کی تلقین کیا کرتے تھے۔ مرحوم موصی تھے۔ پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹیاں اور پانچ بیٹے یادگار چھوڑے ہیں۔

### مکرم چوہدری نصراللہ صاحب

مکرم چوہدری نصراللہ صاحب ابن مکرم علم دین صاحب چک نمبر 79 نواں کوٹ شیخوپورہ حال ربوہ مورخہ 24 دسمبر 2013ء کو بقضائے الٰہی ربوہ میں وفات پا گئے۔ آپ نے قریباً 25 سال اپنی جماعت کے صدر کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔ مہمان نواز، غریب پرور، خدمت دین کا جذبہ رکھنے والے نیک اور مخلص انسان تھے۔ خلافت سے بہت پیار کا تعلق تھا۔ مرحوم موصی تھے۔

### مکرمہ کے۔ پی۔ رضیہ صاحبہ

مکرمہ کے پی رضیہ صاحبہ اہلیہ مکرم مصطفیٰ صاحب امیر جماعت ماتھوٹم۔ کیرالہ انڈیا مورخہ 10 فروری 2014ء کو 48 سال کی عمر میں حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے وفات پا گئیں۔ آپ ماتھوٹم جماعت کے قیام سے اپنی وفات تک صدر لجنہ اماء اللہ کی حیثیت سے فعال خدمت بجالاتی رہیں۔ گزشتہ دو سال سے لجنہ ماتھوٹم کو آپ کی زیرصدارت ہندوستان بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کرنے کی توفیق ملی۔ آپ نے نہایت سنجیدگی، لگن، خوش خلقی اور محنت سے جماعتی خدمت کی توفیق پائی۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند، ملنسار، اعلیٰ اخلاق کی مالک، ہمدرد غریب پرور، نیک اور قابل رشک انتظامی صلاحیتوں کی مالک مخلص خاتون تھیں۔ خلافت سے اخلاص و وفا کا تعلق تھا۔ آپ کے سسرال میں شوہر کے علاوہ کوئی بھی احمدی نہیں ہے اس کے باوجود ان کے شوہر کے گھرانے کے سب لوگ مرحومہ کے اخلاق سے بہت متاثر تھے۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ پسماندگان میں شوہر کے علاوہ ایک بیٹی اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔

### مکرم ملک محمد اکرم صاحب

مکرم ملک محمد اکرم صاحب ربوہ مورخہ 8 اور 9 فروری 2014ء کی درمیانی شب طویل علالت کے بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ آپ کو لمبا عرصہ دفتر بہشتی مقبرہ صدر انجمن احمدیہ میں کارکن کی حیثیت سے خدمت کی توفیق ملی۔ آپ نماز باجماعت کے پابند، تہجد گزار، باقاعدگی سے قرآن کریم کی تلاوت کرنے والے، مالی قربانی اور صدقہ وخیرات میں پیش پیش بہت مخلص انسان تھے۔ باوجود مختلف عوارض کے پانچوں وقت بیت الذکر میں جا کر نماز پڑھتے اور اپنے عزیز واقارب کو بھی اس کی تلقین کیا کرتے تھے۔ مرحوم موصی تھے۔ آپ کے بیٹے مکرم ملک محمد اکرام صاحب بطور استاد جامعہ احمدیہ جونیئر سیکشن ربوہ میں خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

### مکرمہ امۃ الرفیق کچلو صاحبہ

مکرمہ امۃ الرفیق کچلو صاحبہ اہلیہ مکرم حاجی میر محمد مبارک صاحب ناصر آباد ربوہ مورخہ 22 جنوری 2014ء کو راولپنڈی میں طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ آپ کو کئی سال راولپنڈی کے حلقہ ایوان توحید میں صدر لجنہ کی حیثیت سے خدمت کی توفیق ملی۔ گزشتہ کئی سالوں سے بحیثیت سیکرٹری مال اور تحریک جدید و وقف جدید کے خدمت بجالا رہی تھیں۔ اپنے رشتہ داروں اور غیر احمدیوں کے متعدد بچوں کو قرآن کریم پڑھایا۔ آپ نہایت صابر و شاکر، نیک اور مخلص خاتون تھیں۔ خلافت سے نہایت اخلاص و وفا کا تعلق تھا۔ مرحومہ موصیہ تھیں۔ مرحومہ کے بھتیجے مکرم یاسر فوزی صاحب مربی سلسلہ کی حیثیت سے ناروے میں خدمت بجالا رہے ہیں۔

### مکرم چوہدری عبدالوحید صاحب

مکرم چوہدری عبدالوحید صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور مورخہ 7 فروری 2014ء کو 92 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ نے ابتدائی تعلیم قادیان سے حاصل کی۔ ملازمت کے دوران آپ پاکستان اور ہندوستان کے مختلف شہروں میں رہے۔ آپ نے امیر جماعت پٹھان کوٹ (انڈیا) کے علاوہ ملتان میں قائد ضلع و علاقہ اور لاہور میں سیکرٹری مال کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پائی۔ مرحوم اللہ کے فضل سے موصی تھے۔

### مکرمہ نصیرہ مبارک میر صاحبہ

مکرمہ نصیرہ مبارک میر صاحبہ اہلیہ مکرم حاجی میر محمد مبارک صاحب ناصر آباد شرقی ربوہ مورخہ 26 دسمبر 2013ء کو 80 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ جب تک آپ کی صحت نے اجازت دی آپ اپنے محلّہ میں مختلف حیثیتوں سے لجنہ میں خدمت کرتی رہیں۔ مالی قربانی میں بھی ہمیشہ پیش پیش رہتی تھیں۔ سینکڑوں بچے بچیوں کو قرآن کریم ناظرہ باترجمہ پڑھانے کی سعادت پائی۔ آپ صوم وصلوٰۃ کی پابند، تہجد گزار، بہادر، بہت سی خوبیوں کی مالک نیک اور مخلص خاتون تھیں۔ کئی بار حج اور عمرہ کی توفیق بھی ملی۔ مرحومہ کی اپنی کوئی اولاد نہیں تھی۔ آپ نے اپنے دیور کے بیٹے مکرم میر رفیق مبارک صاحب کو گود میں لیا تھا اور ان کی نہایت عمدہ تربیت کی۔ چنانچہ وہ آج بطور واقف زندگی وکیل المال ثانی تحریک جدید ربوہ کی حیثیت سے خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

### مکرم محمد اسلم صاحب

مکرم محمد اسلم صاحب پنشنر خدام الاحمدیہ پاکستان ربوہ مورخہ 29 نومبر 2013ء کو 72 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ کو 40 سال مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان میں کارکن کی حیثیت سے خدمت کی توفیق ملی۔ پنجوقتہ نمازوں کے پابند، جماعتی چندوں میں باقاعدہ، نیک اور مخلص انسان تھے۔ خلافت سے محبت کا تعلق تھا۔ آپ مکرم ملک محمد اکرم صاحب مربی سلسلہ مانچسٹر اور مکرم ملک محمد اعظم صاحب مرحوم ٹیچر تعلیم الاسلام ہائی سکول ربوہ کے بھائی تھے۔

### مکرم رانا اقبال الدین صاحب

مکرم رانا اقبال الدین صاحب ربوہ مورخہ 30 مئی 2012ء کو بقضائے الٰہی وفات پا گئے۔ آپ نے ریٹائرمنٹ کے بعد وقف کر کے نائب آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ ربوہ کے علاوہ پرائیویٹ سیکرٹری دارالقضاء اور روزنامہ الفضل کے دفاتر میں بھی 29 سال تک خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کے دادا حضرت میاں مہر دین صاحب اور نانا حضرت میاں خیر دین صاحب حضرت مسیح موعود کے رفقاء تھے۔ اسی طرح آپ کی دادی اور نانی بھی رفقاء تھیں۔ خلافت اور خاندان حضرت مسیح موعود سے اخلاص و وفا کا تعلق تھا۔ آپ خدمت گزار، راست گو، نیک اور مخلص انسان تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں یادگار چھوڑی ہیں۔

### مکرمہ بشیر بیگم صاحبہ

مکرمہ بشیر بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری رحمت خان جگ صاحب ربوہ مورخہ 4 فروری 2014ء کو دو سال لمبی بیماری کے بعد 85 سال کی عمر میں وفات پا گئیں۔ آپ حضرت چوہدری جہان خان صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی سب سے چھوٹی بیٹی تھیں۔ 1974ء میں اپنے ضلع میں شدید مشکلات اور دھمکیوں کے باوجود نہایت استقلال سے احمدیت پر ثابت قدم رہیں۔ اپنے شوہر کے شانہ بشانہ خدمت خلق، مہمان نوازی اور رفاہ عامہ کے کاموں میں نمایاں حصہ لینے کی توفیق پائی۔ مالی قربانی میں بھی ہمیشہ پیش پیش رہتیں۔ آپ کے ایک پوتے مکرم طارق حیات صاحب مربی سلسلہ ہیں اور آجکل شعبہ متخصصین تحریک جدید ربوہ میں خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

### مکرم لال دین صاحب

مکرم لال دین صاحب کرائیڈن۔ یوکے مورخہ 27 جنوری 2014ء کو 83 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ 1984ء میں اپنے خاندان میں سے اکیلے احمدی ہوئے تھے۔ صوم وصلوٰۃ کے پابند، دعا گو، خاموش طبع، مہمان نواز، مالی قربانی میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے والے نیک اور مخلص انسان تھے۔ پسماندگان میں دو بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑے ہیں۔ آپ کے داماد مکرم رانا سعید احمد خان صاحب شعبہ ہومیوپیتھی لندن میں خدمت کی توفیق پا رہے ہیں۔

اللہ تعالیٰ تمام مرحومین سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور انہیں اپنی رضا کی جنتوں میں جگہ دے۔ اللہ تعالیٰ ان کے لواحقین کو صبر کرنے اور ان کی خوبیوں کو زندہ رکھنے کی توفیق دے۔ آمین

☆......☆......☆......☆

خالص سونے کے زیورات کا مرکز
کاشف جیولرز
گولبازار ربوہ
میاں غلام مرتضیٰ محمود
فون دکان: 047-6215747 فون رہائش: 047-6211649

# ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام (پاکستانی وقت کے مطابق)

## پروگراموں میں 20،15 منٹ کی کمی بیشی یا تبدیلی کی جاسکتی ہے

### 16 مارچ 2014ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | فیتھ میٹرز |
| 1:30 am | بین الاقوامی جماعتی خبریں |
| 2:00 am | راہ ہدیٰ |
| 3:35 am | سٹوری ٹائم |
| 3:55 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 5:05 am | عالمی خبریں |
| 5:25 am | تلاوت قرآن کریم اور درس ملفوظات |
| 5:50 am | الترتیل |
| 6:20 am | جلسہ سالانہ یو کے |
| 7:35 am | سٹوری ٹائم |
| 7:55 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 9:05 am | سپاٹ لائیٹ |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 11:25 am | یسرنا القرآن |
| 11:45 am | بستان وقف نو |
| 12:45 pm | فیتھ میٹرز |
| 1:45 pm | سوال و جواب |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 28 دسمبر 2012ء |
| 5:10 pm | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:40 pm | یسرنا القرآن |
| 6:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 7:10 pm | Shotter Shondhane |
| 8:25 pm | بستان وقف نو |
| 9:20 pm | رفقائے احمد |
| 10:00 pm | کڈز ٹائم |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:30 pm | بستان وقف نو |

### 17 مارچ 2014ء

| | |
|---|---|
| 12:30 am | Beacon of Truth Live (سچائی کا نور) |
| 1:50 am | جماعت احمدیہ کی تاریخ |
| 2:15 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 3:30 am | سوال و جواب |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:45 am | یسرنا القرآن |
| 6:05 am | بستان وقف نو |
| 7:10 am | جماعت احمدیہ کی تاریخ |
| 7:35 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 8:50 am | ریئل ٹاک |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس سیرت النبی ﷺ |
| 11:35 am | الترتیل |
| 12:00 pm | Beverly Hills یو ایس اے میں استقبالیہ 11 مئی 2013ء |
| 1:25 pm | بین الاقوامی جماعتی خبریں |
| 2:00 pm | فرنچ پروگرام 23 دسمبر 1997ء |
| 3:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 27 دسمبر 2013ء (انڈونیشین ترجمہ) |
| 4:00 pm | جلسہ سالانہ قادیان 2013ء |
| 5:00 pm | تلاوت قرآن کریم اور درس سیرۃ النبی ﷺ |
| 5:35 pm | الترتیل |
| 6:05 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 23 مئی 2008ء |
| 7:00 pm | Shotter Shondhane |
| 8:00 pm | تقاریر جلسہ سالانہ |
| 8:45 pm | سیرت حضرت مسیح موعود |
| 9:05 pm | راہ ہدیٰ |
| 10:35 pm | الترتیل |
| 11:05 pm | عالمی خبریں |
| 11:25 pm | Beverly Hills میں استقبالیہ |

### 18 مارچ 2014ء

| | |
|---|---|
| 12:45 am | ریئل ٹاک |
| 1:45 am | راہ ہدیٰ |
| 3:20 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 23 مئی 2008ء |
| 4:00 am | تقاریر جلسہ سالانہ قادیان |
| 5:00 am | عالمی خبریں |
| 5:20 am | تلاوت قرآن کریم اور درس سیرت النبی ﷺ |
| 5:50 am | الترتیل |
| 6:20 am | Beverly Hills میں استقبالیہ |
| 7:45 am | کڈز ٹائم |
| 8:15 am | خطبہ جمعہ فرمودہ 23 مئی 2008ء |
| 9:05 am | آداب زندگی |
| 9:55 am | لقاء مع العرب |
| 11:00 am | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 11:30 am | یسرنا القرآن |
| 12:00 pm | بستان وقف نو |
| 12:55 pm | احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن |
| 1:30 pm | آسٹریلین سروس |
| 1:55 pm | سوال و جواب |
| 3:00 pm | انڈونیشین سروس |
| 4:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 14 مارچ 2014ء |
| 5:05 pm | تلاوت قرآن کریم اور درس حدیث |
| 5:30 pm | یسرنا القرآن |
| 6:00 pm | ریئل ٹاک |
| 7:00 pm | Shotter Shondhane |
| 8:00 pm | سپینش سروس |
| 8:25 pm | احمدیہ میڈیکل ایسوسی ایشن |
| 9:00 pm | کوئیز |
| 9:55 pm | براہین احمدیہ |
| 10:30 pm | یسرنا القرآن |
| 11:00 pm | عالمی خبریں |
| 11:20 pm | بستان وقف نو |

(بقیہ از صفحہ 2)

صاحب معلم سلسلہ نے تقاریر کیں اور دعا کروائی گئی۔ حاضری 19 رہی۔

**گوٹھ عبداللطیف**

مورخہ 9 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ کیا گیا۔ جس کی صدارت محترم ارشاد احمد عادل صاحب مربی سلسلہ نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد مربی صاحب نے تقریر کی اور محترم سلیم احمد صاحب صدر جماعت نے دعا کروائی۔ حاضری 13 تھی۔

**بشیر نگر**

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز ظہر محترم محمد شریف صاحب صدر جماعت کی زیر صدارت جلسہ ہوا۔ تلاوت اور نظم کے بعد محترم طاہر احمد وجاہت صاحب معلم سلسلہ نے تقریر کی۔ آخر پر محترم صدر صاحب نے اختتامی خطاب کیا اور دعا کروائی۔ حاضری 24 تھی۔

**احمد نگر**

مورخہ 14 جنوری 2014ء کو بعد از نماز مغرب جلسہ ہوا۔ جس کی صدارت محترم آصف منیر صاحب صدر جماعت نے کی۔ تلاوت اور نظم کے بعد مکرم عطاء الرحمٰن صاحب معلم وقف جدید نے تقریر کی۔ آخر پر محترم صدر صاحب موصوف نے اختتامی تقریر کی اور دعا کروائی۔ 11 مہمانوں کے ساتھ کل حاضری 32 تھی۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان جلسوں کے بہتر نتائج پیدا فرمائے اور ہمیں آنحضور ﷺ کے نمونہ کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی زندگی گزارنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

### ربوہ میں طلوع وغروب 7۔ مارچ

| | |
|---|---|
| طلوع فجر | 5:08 |
| طلوع آفتاب | 6:27 |
| زوال آفتاب | 12:20 |
| غروب آفتاب | 6:13 |

### ایم ٹی اے کے آج کے اہم پروگرام

#### 7 مارچ 2014ء

| | |
|---|---|
| 6:25 am | یورپ میں پریس کانفرنس دسمبر 2012ء |
| 8:30 am | ترجمۃ القرآن کلاس |
| 9:45 am | لقاء مع العرب |
| 11:50 am | حضور انور کے ساتھ مجلس 23 مارچ 2013ء |
| 1:30 pm | راہ ہدیٰ |
| 4:00 pm | دینی وفقہی مسائل |
| 6:00 pm | خطبہ جمعہ Live |
| 9:00 pm | خطبہ جمعہ فرمودہ 7 مارچ 2014ء |
| 11:30 pm | الحوار المباشر Live |

حب ہمزاد
اعصابی کمزوری کے لئے
NASIR ناصر
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
PH:047-6212434

دکانیں کرایہ کیلئے خالی ہیں
ربوہ میں چند نہایت باموقع دکانیں کرایہ کے لئے خالی ہیں
موبائل: 0300-7704339

خواتین اور بچیوں کے مخصوص امراض کیلئے
الحمید ہومیو کلینک اینڈ سٹورز
ہومیو فزیشن ڈاکٹر عبدالحمید صابر (ایم۔اے)
عمر مارکیٹ نزد اقصیٰ چوک ربوہ فون: 0344-7801578

خالص سونے کے زیورات
Ph:6212868
Res:6212867
Mob: 0333-6706870
میاں اظہر
میاں مظہر احمد
فینسی جیولرز
محسن مارکیٹ
اقصیٰ روڈ ربوہ

FR-10

Skylite Institute of Information Technology
(Educating People For Future)
کمپیوٹر کورسز سکائی لائٹ انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام کمپیوٹر شارٹ کورسز کا آغاز ہو چکا ہے
کمپیوٹر بیسکس دورانیہ 1 ماہ
مائیکروسافٹ آفس دورانیہ 2 ماہ
گرافکس ڈیزائننگ دورانیہ 2 ماہ
ویب ڈیویلپمنٹ دورانیہ 2 ماہ
آن لائن مارکیٹنگ دورانیہ 2 ماہ
کامیاب طلباء کے لئے Skylite Communications میں جاب کرنے کے شاندار مواقع
4/14. 2nd Floor, Gole Bazar Rabwah, PH: 0476211002